# NOTICE OF THE 21ST ANNUAL GENERAL MEETING

**NOTICE** is hereby given that the 21st Annual General Meeting of Bank Alfalah Limited will be held on 29th March 2013 at 10:00 AM at Pearl Continental Hotel, Karachi, to transact the following business:

**ORDINARY BUSINESS:**

1. To confirm the Minutes of the Extra-Ordinary General Meeting held on 5th June 2012.
2. To receive, consider and adopt the audited Annual Accounts of the Bank for the year ended December 31, 2012 together with Directors' Report and Auditors' Report thereon including post-facto approval of remuneration paid to non-executive directors for attending Board and Board Committees meetings reported at Notes No. 27 and 36 of the Annual Accounts, as required under SBP Prudential Regulations.
3. To appoint Auditors of the Bank for the year 2013 and fix their remuneration.
4. To approve as recommended by the Board of Directors, payment of cash dividend at the rate of Rs.2/- per share i.e. 20%.

**SPECIAL BUSINESS:**

5. To consider and approve Employees Stock Option Scheme (ESOS) of the Bank and to pass the following Special Resolution:

   **"RESOLVED** that the Bank Alfalah Limited – Employees Share Option Scheme **("ESOS")** as recommended by the Board of Directors, and as presented before the shareholders, be and is hereby approved and adopted and the Bank is hereby authorized to implement the ESOS, subject to procurement of other regulatory approval(s) required for the implementation of ESOS.

   **FURTHER RESOLVED** that the Compensation Committee (defined in the Scheme) is hereby authorized to make such modifications to the ESOS as may be directed by the Securities and Exchange Commission of Pakistan and modifications (if any) shall also be deemed to have been approved by the shareholders through this resolution."

6. To transact any other business with the permission of the Chair.

**Karachi**
Dated: 8th March 2013

**By order of the Board**
**MIAN EJAZ AHMAD**
Company Secretary

**NOTES:**

1. The statement of material facts under Section 160(1)(b) of the Companies Ordinance 1984 relating to the aforesaid Special Business to be transacted at the Annual General Meeting is being sent to the Members with the Notice.
2. The Share Transfer Books of the Bank will be closed from 22nd March 2013 to 29th March 2013 (both days inclusive). Transfers received at the office of our Share Registrar, M/s. F. D. Registrar Services (SMC-Pvt) Limited, situated at Room No. 1705, 17th Floor, Saima Trade Tower "A", I.I. Chundrigar Road, Karachi, before the close of business on 21st March 2013 will be treated in time for the purpose of above entitlement to the transferees.
3. A member entitled to attend, and vote at the Meeting is entitled to appoint another member as a proxy to attend, speak and vote on his/her behalf. A corporation being a member may appoint as its proxy any of its official or any other person whether a member of the Bank or otherwise.
4. An instrument of proxy and a Power of Attorney or other authority (if any) under which it is signed, or notarized copy of such Power of Attorney must be valid and deposited at the Share Registrar of the Bank, F.D. Registrar Services (SMC-Pvt) Limited, Room No. 1705, 17th Floor, Saima Trade Tower "A", I.I.Chundrigar Road, Karachi, not less than 48 hours before the time of the Meeting.
5. Those shareholders, whose shares are deposited with Central Depository Company of Pakistan Ltd. (CDC) are requested to bring their original Computerised National Identity Card (CNIC) alongwith participant's ID number and their account/sub-account numbers in CDC to facilitate identification at the time of Annual General Meeting. In case of Proxy, attested copies of proxy's CNIC or passport, Account and Participant's I.D. numbers must be deposited alongwith the Form of Proxy with our Share Registrar as per paragraph No. 4 above. In case of Proxy for corporate members, the Board of Directors' Resolution/Power of Attorney with specimen signature of the nominee shall be produced at the time of the meeting (unless it has been provided earlier to the Share Registrar).
6. Shareholders are requested to notify change in their address, if any, to our Share Registrar, F.D. Registrar Services (SMC-Pvt) Limited.

BANK ALFALAH

BUSINESS RECORDER
Simultaneously published from Karachi, Lahore & Islamabad
Karachi, Friday 8 March 2013, 25 Rabi-us-Sani 1434

# اطلاع برائے اکیسواں (21st) سالانہ اجلاس عام

بذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ بینک الفلاح لمیٹڈ کا اکیسواں (21st) سالانہ اجلاس عام بروز جمعہ 29 مارچ 2013ء کو صبح 10 بجے بمقام بال روم اے پرل کانٹی نینٹل ہوٹل کراچی میں درج ذیل کارروائیوں کے لئے منعقد ہوگا۔

**عمومی کارروائی:**

۱) 5 جون 2012ء کو منعقد ہونے والے غیر معمولی اجلاس عام کی کارروائی کی توثیق۔

۲) 31 دسمبر 2012ء کو ختم ہونے والے سال کے لئے بینک کے سالانہ آڈٹ شدہ اکاؤنٹس بشمول ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز رپورٹس کی وصولی، ان پر غور وخوض اور منظوری، بشمول اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے پروڈنشل ریگولیشنز کے تحت بینک کے نان ایگزیکٹیو ڈائریکٹرز کو بینک کی بورڈ میٹنگز اور بورڈ کمیٹیوں کی میٹنگز میں شرکت کرنے پر ان کو ادا کئے جانے والے مشاہرے (remuneration) جن کی تفصیل بینک کے سالانہ اکاؤنٹس برائے سال 2012ء کے نوٹس نمبر 27 اور 36 میں دی گئی ہے کی پوسٹ فیکٹو بنیاد پر منظوری۔

۳) سال 2013ء کے لئے آڈیٹرز کی تقرری اور ان کے معاوضے کا تعین۔

۴) بورڈ آف ڈائریکٹرز کی سفارش کے تحت نقد منقسمہ (کیش ڈیویڈنڈ) کی ادائیگی کی منظوری بمطابق 2 روپے فی شیئر یعنی 20 فیصد۔

**خصوصی کارروائی:**

۵) بینک کے "ایمپلائز اسٹاک آپشن اسکیم (ESOS)" پر غور وخوص اور منظوری اور مندرجہ ذیل خصوصی قرارداد کی منظوری:

"قرار پایا کہ بینک الفلاح لمیٹڈ کے ایمپلائز اسٹاک آپشن اسکیم، (ESOS) جیسا کہ بورڈ آف ڈائریکٹرز نے سفارش کی اور جیسا کہ شیئر ہولڈرز کو پیش کیا گیا، کو منظور کیا جاتا ہے اور بینک کو اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ ESOS کو دیگر ضروری ریگولیٹرز کی منظوری کے بعد نافذ کرے۔

"مزید قرار پایا کہ معاوضہ کمیٹی (Compensation Committee جیسا کہ اسکیم میں وضاحت کی گئی ہے) کو اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے احکامات کے تحت ESOS میں تبدیلیاں کرسکتی ہے اور مذکورہ تبدیلیاں (اگر کوئی ہو) تو ایسی سمجھی جائیں گی جیسے کہ شیئر ہولڈرز نے اس خصوصی قرارداد کے تحت منظور کیا ہو"

۶) چیئرمین کی اجازت سے کسی دیگر امور پر کارروائی۔

کراچی
مورخہ 8 مارچ 2013ء

حسب الحکم بورڈ
میاں اعجاز احمد
کمپنی سیکریٹری

**نوٹس:**

۱) کمپنیز آرڈیننس 1984ء کی دفعہ 160 (1) (بی) کے تحت خصوصی کارروائی سے متعلق میٹریل فیکٹس کا بیان ارکان کو نوٹس کے ساتھ ارسال کیا جارہا ہے۔

۲) بینک کے کتابچے برائے منتقلی حصص 22 مارچ 2013ء سے 29 مارچ 2013ء (بشمول دونوں دن) بند رہیں گے تاکہ نقد منقسمہ کا تعین ہوسکے وہ شیئر ٹرانسفرز جو کہ ہمارے شیئرز رجسٹرار میسرز ایف ڈی رجسٹرار سروسز (ایس ایم سی۔ پرائیویٹ) لمیٹڈ کے دفتر واقع آفس نمبر 1705، 17 ویں منزل، صائمہ ٹریڈ ٹاور (A)، آئی آئی چندریگر روڈ کراچی میں مورخہ 21 مارچ 2013ء کو کاروبار کی بندش تک موصول ہوجائیں گے وہ نقد منقسمہ کے لئے بروقت تصور کئے جائیں گے۔

۳) اجلاس میں شرکت کرنے والے اور ووٹ دینے کا / کی اہل رکن اپنی طرف سے اجلاس میں شرکت کرنے، بولنے اور ووٹ دینے کے لئے کسی دوسرے رکن کو اپنا پراکسی مقرر کرسکتا / سکتی ہے۔ کمپنی بطور ایک رکن کے اپنے کسی ملازم کو پراکسی مقرر کرسکتی ہے۔ چاہے وہ بینک کا رکن ہو یا نہیں۔

۴) پراکسی فارم اور پاور آف اٹارنی یا کوئی دوسری اتھارٹی (اگر ہو) جس کے تحت پراکسی پر دستخط کئے جارہے ہیں یا پاور آف اٹارنی کی قابل قبول نوٹرائزڈ کاپی کے ساتھ بینک کے شیئرز رجسٹرار میسرز ایف ڈی رجسٹرار سروسز (ایس ایم سی۔ پرائیویٹ) لمیٹڈ کے آفس واقع آفس نمبر 1705، 17 ویں منزل، صائمہ ٹریڈ ٹاور (A)، آئی آئی چندریگر روڈ کراچی میں اجلاس کے وقت سے 48 گھنٹے قبل تک جمع کرائی جائیں۔

۵) وہ شیئر ہولڈرز جن کے شیئرز سینٹرل ڈپازیٹری کمپنی (CDC) میں جمع ہیں ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ (CNIC) بمعہ پارٹیسپنٹ (Participant) آئی ڈی نمبر اور اپنا سب اکاؤنٹ نمبر لے کر آئیں تاکہ سالانہ اجلاس عام میں ان کی شناخت میں مدد ہوسکے۔ پراکسی کی صورت میں CNIC یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپی بمعہ پارٹیسپنٹ اور سب اکاؤنٹ نمبر کے ہمارے شیئرز رجسٹرار کو پیراگراف نمبر 4 کے مطابق پہنچادے۔ کارپوریٹ ارکان کے پراکسی کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد / پاور آف اٹارنی بمعہ نمونہ دستخط اجلاس کے وقت پیش کی جائیں (بشرطیکہ یہ چیزیں رجسٹرار کو پہلے پیش نہ کی گئی ہوں)۔

۶) شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ ان کے پتے میں اگر کوئی تبدیلی ہو تو ہمارے شیئرز رجسٹرار میسرز ایف ڈی رجسٹرار سروسز (ایس ایم سی۔ پرائیویٹ) لمیٹڈ کو بروقت مطلع کریں۔

BANK ALFALAH

روزنامہ ایکسپریس
DAILY EXPRESS
FRIDAY, MARCH 8, 201
SC(MC)989